جہلم میں تحفظ ناموس رسالت ﷺ کارواں کا شاندار استقبال

گذشتہ دنوں ڈنمارک اور ہالینڈ میں نبی اکرم ﷺ کی شان میں گستاخی کرتے ہوئے کچھ اخبارات نے توہین آمیز خاکے شائع کیے جس کی مذمت میں اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان نے محبت رسول ﷺ کے عملی اظہار کیلئے تحفظ ناموس رسالت ﷺ کارواں کا اہتمام کیا۔مورخہ 3 اپریل بروز جمعرات سہ پہر 4:00 بجے جہلم کے نئے پل پر اہل حدیث یورتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن نے کارواں کا شاندار استقبال کیا، نئے پل سے یہ کارواں چھاؤنی چوک، جی ٹی ایس چوک اور ریلوے روڈ سے ہوتا ہوا جب مین بازار پہنچا تو دوکانداروں نے کارواں پر اتنی گل پاشی کی کہ راہیں سرخ ہوگئیں۔ بعدازیں کارواں چوک اہل حدیث سے ہوتا ہوا اکرم شہید پارک میں بہت بڑے جلسے کی شکل اختیار کر گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، سٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔صدر اہل حدیث یوتھ فورس امتیاز احمد مجاہد ایڈووکیٹ نے خطاب کیا آخر میں یہ پروگرام رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے تکمیل پذیر ہوا۔

جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 4 مئی بروز اتوار جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر ہوئی۔جس میں مولانا قاری سیف اللہ خالد ملتانی اور حضرت مولانا منظور احمد گوجرانوالا نے خطاب کیا۔

رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

وفیات

قاری علی حیدر کو صدمہ

مورخہ 11 مارچ بروز منگل قاری علی حیدر خطیب جامع مسجد اہل حدیث سعیلہ کینٹ کا نومولود بیٹا وفات پا گیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون نمازِ جنازہ جامع مسجد اہل حدیث سعیلہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

مولانا اکرام الحق کو صدمہ

مورخہ 29 مارچ بروز ہفتہ مولانا اکرام الحق (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کی خالہ محترمہ دفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔نمازِ جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

محمد جاوید (گوجر خان) کو صدمہ

مورخہ 30 مارچ بروز اتوار محمد جاوید (گوجر خان) کی زوجہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ جامع مسجد اہل حدیث گوجر خان سے متصل مدرسۃ البنات کی معلمہ تھیں۔سینکڑوں بچیوں نے ان سے قرآن مجید حفظ کیا، ترجمہ وتفسیر اور حدیث کا علم بھی حاصل کیا جو یقیناً ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔